جون 2021 | D.El. Ed Regular (ڈی ایل۔ایڈ (ریگولر) | IV Semester چوتھا سمسٹر

پرچہ : سماجی سائنس کی تعلیم

Paper - DLED415DST : Social Science Education

Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے | جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو(100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو(250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. سماجی علوم کی نوعیت اور وسعت بیان کیجیے۔
2. تاریخ اور جغرافیہ کے مابین ہم رشتگی کی وضاحت کیجیے۔
3. سماجی علوم کو منظم کرنے والی مختلف طرز رسائیوں کو تفصیل سے بیان کیجیے۔
4. سماجی علوم کی تدریس میں تاریخ اور جغرافیہ کی اہمیت کو واضح کیجیے۔
5. علاقہ (Region) اور وسائل (Resources) کے مابین ہم رشتگی کو مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔
6. سماجی علوم کو سمجھنے میں سماجی و ثقافتی وسائل کس طرح موثر ثابت ہو سکتے ہیں؟ واضح کیجیے۔
7. تفتیش پر مبنی طریقہ تدریس (Inquiry Based Appoach) کی خصوصیات قلم بند کیجیے۔
8. ماخذ طریقہ کار (Source Method) کی خوبیوں اور خامیوں پر تبصرہ کیجیے۔
9. تشکیلی (Formative) اور مجموعی (Summative) تشخیص کے مابین فرق کو واضح کیجیے۔
10. سماجی علوم کی تدریس میں ابتدائی اور ثانوی وسائل کی ضرورت اور اہمیت کا جائزہ لیجیے۔

حصہ دوم

11. بحیثیت معلم آپ طلبہ میں ریاست، حکومت، اقتدار، اختیار اور شہریت جیسے تصورات کی سمجھ کس طرح پیدا کریں گے؟ مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔
12. طلبہ میں تاریخی واقعات کی سمجھ پیدا کرنے میں ذاتی خطوط، ڈائری اور عجائب گھر کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔
13. جغرافیائی تصورات کی بہتر سمجھ پیدا کرنے میں فیلڈ ٹرپس، سفرنامے اور نقشے کس طرح سے مددگار ثابت ہو سکتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔
14. تشخیص (Assessment) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ تشخیص کی مختلف اقسام بیان کیجیے۔
15. سماجی علوم کے معلم کی حیثیت سے آپ طلبہ میں سبق سے متعلق دلچسپی پیدا کرنے اور انہیں متحرک کرنے کے لیے کس حکمت عملی کا انتخاب کریں گے اور کیوں؟ مدلل طور سے تحریر کریں۔

☆☆☆